| 1۔مئی | سالِ دوئم پاشکا کے ایام | جمعہ |
|---|---|---|



| مقدس یوسفؔ بڑھئی | رنگ سفید |
|---|---|

اعمال13:26۔33 زبور2 یوحنا14:1۔6یا تکوین1:26،2۔3
یا
کلسیوں3:14۔15,17:23۔24 زبور90 متی13:54۔58

**مرکزی آیت: ''مسیح کا اطمینان تمہارے دلوں پر حکمرانی کرے۔'' کلسیوں3:15**

میں یسوع کے ساتھ متحد ہوں اور محبت سے اس کی مرضی پوری کرتا ہوں۔ تاکہ اس کا اطمینان اور تسلی حاصل کرسکوں۔ میں سب کے ساتھ حلیم، فروتن اور محبت بھرا برتاؤ رکھوں گا تاکہ خوشی بھی حاصل ہو۔ مقدس یوسفؔ میرے کام کے اوقات میں میرے استاد ہوں گے، اور مقدسہ مریمؔ مجھے اپنی خاموش خوشی کے ساتھ ہمراہ رکھیں گی۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## مقدس اتھناسیوسؔ، اسقف اور معلمِ کلیسیا

**رنگ سفید**

**اعمال 13:44۔52**


**زبور 97**

**یوحنا 14۔7۔14**

**مرکزی آیت: ''جو مجھ پر ایمان لائے گا، وہ وہی کام کرے گا جو میں کرتا ہوں۔'' یوحنا 12:14**

اے یسوع! جو کوئی تجھ پر ایمان رکھتا اور لمحہ بہ لمحہ اپنی زندگی تجھے سونپتا ہے۔ وہ تیرے ساتھ ایک ہو جاتا ہے۔ تاکہ اے خداوند! تو ہم سے مزید محبت کرے۔ میں سچی محبت میں تجھ پر ایمان رکھتا ہوں۔ اور تیرے ساتھ باپ کے کام یعنی سچی محبت کو سرانجام دے کر خوشی پاتا ہوں۔

| اتوار | سال اول پاشکا کا پانچواں اتوار | 3۔مئی |
|---|---|---|



| رنگ سفید | مقدس فیلبوسؔ اور یعقوبؔ رسول |
|---|---|

زبور 32

اعمال 6:1۔7

یوحنا 14:1۔12

1۔پطرس 2:4۔9

**مرکزی آیت: ”میں تمہارے لئے جگہ تیار کرنے جاتا ہوں۔“ یوحنا 14:2**

اپنی صلیبی موت سے پہلے یسوع نے اپنے شاگردوں کے سامنے اپنا دل کھولتے ہوئے وعدہ کیا کہ وہ ان کے لئے باپ کے گھر میں جگہ تیار کرنے جا رہا ہے۔ کیا یہ جگہ صرف آسمان میں ہے؟ ہاں! وہاں بھی ہے۔ لیکن پہلے ہی، اپنی موت اور قیامت کے وسیلہ سے، یسوع نے ہمارے لئے یہاں، اپنی کلیسیا میں ایک جگہ تیار کی ہے۔ زندہ پتھروں کی جگہ، جو اس کی بادشاہی کی تعمیر میں معاونت کے لئے خدمت سر انجام دیتے ہیں۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

اعمال14:5۔18 زبور113

رنگ سفید

یوحنا14:21۔26

**مرکزی آیت: ''جو میرے احکام کو قبول کرتا ہے، وہی مجھ سے محبت رکھتا ہے۔'' یوحنا14:21**

اے یسوع تیرا شکر ہو کہ تو ہمیں ہر فریبِ نظر سے محفوظ رکھتا ہے۔ہم تجھ سے سچی محبت تب کرتے ہیں جب ہم اپنے تعلقات اور گونا گوں سرگرمیوں میں روزانہ دل سے تیری فرمانبرداری کرتے ہیں۔ نہ صرف ان خاص جذبات کے لمحوں میں جو تیرے بارے میں سنتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔اے یسوع تیرے ہر اس کلام کے لئے شکریہ، جو ہمیں اپنے بھائیوں کے لئے ایک تحفہ بنا دیتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اعمال 14:19۔28 زبور 144

رنگ سفید

یوحنا 14:27-31

**مرکزی آیت: ''انہیں ایمان میں قائم رہنے کی نصیحت کرتے ہوئے۔'' اعمال 14:22**

آج میں اسی طرح یسوع کے ساتھ اپنے تعلق کو مضبوط رکھنے کے لئے تمہاری ہمت افزائی کرتا ہوں، جس طرح پولوسؔ نے دربےؔ، لسترہؔ، اکنیمؔ اور پسیدیہ کے انطاکیہ کے مسیحیوں کی کی تھی۔ کیا تمہیں کچھ آزمائشوں کا سامنا ہے؟ تو یسوع پر بھروسہ رکھو اور اپنے بھائیوں کو اپنی مدد کرنے دو۔ ہر رات کے بعد تم پھر روشنی دیکھو گے۔

.................................................................
.................................................................
.................................................................
.................................................................
.................................................................
.................................................................
.................................................................
.................................................................
.................................................................
.................................................................
.................................................................
.................................................................

اعمال 15:1۔6 | زبور 121 | رنگ سفید

یوحنا 15:1۔8

**مرکزی آیت: ''زیادہ پھل لاؤ اور میرے شاگرد بنو۔'' یوحنا 15:8**

یہ بات خدا باپ کو عزیز ہے کہ ہم مسیحی روح القدس کے عطا کردہ بہت سے پھل لائیں۔ یعنی خوشی، اطمینان، صبر، مہربانی، فروتنی اور وفاداری۔ ہم یسوع کے ساتھ متحد رہیں گے۔ اور اس طرح ہم اپنے خدا باپ کی تمجید کریں گے۔

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

............................................................

اعمال 15:7۔21 زبور 95

رنگ سفید

یوحنا 15:9۔11

**مرکزی آیت: ”خداوند یسوع کے فضل سے ہم نجات پاتے ہیں۔“ اعمال 15:11**

یسوع کے آنے تک موسیٰ کی شریعت پر عمل دراصل نجات دہندہ کو خوش آمدید کہنے کی تیاری تھی۔ اس کی آمد کے بعد ہم اس کا شکرادا کریں گے جس نے بغیر قیمت اپنی صلیبی قربانی کے ذریعے ہمیں نجات دی۔ ہم اس کی فرمانبرداری کریں گے۔ ہر فرمانبرداری، ہر عمل، ہر نیکی صرف شکریہ کہنے کا ایک طریقہ ہوگی۔

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

........................................................................

اعمال15:22۔31 زبور56

رنگ سفید

یوحنا15:12۔17

**مرکزی آیت: ”میں تمھیں حکم دیتا ہوں کہ ایک دوسرے سے محبت رکھو۔“ یوحنا15:17**

اے یسوع! یہ الفاظ آج کے دور میں کچھ سخت محسوس ہوتے ہیں۔ مگر اے یسوع میں تیرا شکرادا کرتا ہوں کہ تو نے یہ الفاظ استعمال کیئے اور کئی بار دہرائے۔ واقعی تیرے اس باپ جیسے اختیار کی ضرورت ہے۔ جس سے میں محبت کرتا ہوں۔ تا کہ میں اپنی خودغرضی پر غالب آسکوں اور یوں تیری بادشاہی کی خوشی میں داخل ہو جاؤں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اعمال 16:1۔10 | زبور 99 | رنگ سفید

یوحنا 15:18۔21

**مرکزی آیت: ’’میں نے تمہیں دنیا میں سے چن لیا ہے۔‘‘ یوحنا 15:19**

ہم میں سے کتنے ہیں جو یسوع سے محبت کرنے کی کوشش کرتے ہیں اور اس کی تعلیمات پرعمل کرتے ہیں۔ کیونکہ ہم اس کے چنے ہوئے ہیں۔ وہ ہمیں خبردار کرتا ہے کہ جو لوگ اس کے کلام کو قبول نہیں کرتے، وہ ہماری مخالفت کریں گے، کیونکہ وہ خدا کی محبت کو نہیں جانتے۔ مگر ہم صبر سے کام لیں گے اور ان سے محبت کریں گے تاکہ ہم یسوع کے سچے گواہ بن سکیں۔

..........................................................................
..........................................................................
..........................................................................
..........................................................................
..........................................................................
..........................................................................
..........................................................................
..........................................................................
..........................................................................
..........................................................................

| اتوار | سال اول پاشکا کا چھٹا اتوار | 10۔مئی |
|---|---|---|




| آویلا کا مقدس جان، کاہن اور معلم | رنگ سفید |
|---|---|
| اعمال 8:5۔8،14۔17 | زبور 65 |
| 1۔پطرس 3:15۔18 | یوحنا 14:15۔21 |

**مرکزی آیت: ''میں تمہیں یتیم نہ چھوڑوں گا، میں تمہارے پاس آؤں گا۔'' یوحنا 14:18**

یسوع کے بغیر ہم واقعی یتیم ہیں۔ ایسے بچے جن کا نہ باپ ہو نہ ماں۔ شاگرد بھی خود کو بالکل ایسا ہی محسوس کر رہے تھے۔ لیکن اپنے خداوند کے دکھوں اور موت کی ہولناک رات کے بعد وہ، یعنی محبت کا راستہ، جس نے ہم سب کو نجات دی، دوبارہ ان کے پاس آ گیا تا کہ وہ ہمیشہ اس کی پدرانہ شفقت اور مادرانہ محبت میں خوش رہیں۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اعمال 16:11۔15 زبور 149 رنگ سفید

یوحنا 15:26، 16:4

**مرکزی آیت: ’’ آؤ اور میرے گھر میں رہو۔‘‘ اعمال 16:15**

جب سے میرے دل میں یسوع نے سکونت کی ہے، مجھے نئے تعلقات کا تجربہ ہوا، جو نہ تو رشتہ داری کے تعلقات پر مبنی ہے اور نہ ہی دوستی پر، بلکہ اس پر اور اس کی کلیسیا سے مشترکہ تعلق پر منحصر ہیں۔ میں نے فلپّی کی لدؔیا کی طرح پیار کی خوشی محسوس کی ہے اور بغیر کسی قیمت کے محبت حاصل کی ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

اعمال 16:22۔34 زبور 137

رنگ سفید

یوحنا 16:5۔11

**مرکزی آیت: ''اگر میں جاؤں، تو تمہارے پاس مددگار بھیجوں گا۔'' یوحنا 16:7**

اے یسوع، تو حلیم ہے۔ تو نے روح القدس کو اعتماد دیا اور خود چلا گیا۔ میں بھی آپ کی طرح کروں گا، میں خاموش رہوں گا، جہاں بھی باپ مجھے چھپا کر رکھے۔ میں اس یقین کے ساتھ پرامن رہوں گا کہ وہ ان لوگوں کے دلوں میں اپنا روح بھیجے گا جو میری پریشانیوں کا سبب ہیں۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## خاتونِ فاطمہ

رنگ سفید

اعمال 15:17۔22،1:18

زبور 148

یوحنا 12:16۔15

**مرکزی آیت: ''روح حق تمام سچائی کی طرف تمہاری رہنمائی کرے گا۔'' یوحنا 13:16**

کیا تو ہمیں وہ سب کچھ بتائے گا جو یسوع جانتا ہے۔اے روح القدس ہاں،تو ہمیں رہنمائی دے گا تا کہ ہم باپ کے بچے بنیں،تا کہ ہم اسی طرح ہمیشہ،ہر جگہ اور ہر کسی کے لئے محبت بنیں۔اے روح القدس اپنی روشنی کے ساتھ آ!

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................



## مقدس متھیاسؔ رسول (عید)

**رنگ سرخ**

**اعمال 1:15۔17،20۔26** **زبور 112**

**یوحنا 15:9۔17**

### مرکزی آیت: ”جو اس کی قیامت کا گواہ بنے گا۔“ اعمال 1:22

رسول خدا کے اس کلام کو عملی جامہ پہنانا چاہتے تھے جس میں یہ کہا گیا تھا کہ یہودہ کی خالی جگہ کو کس طرح پُر کیا جائے گا۔ اس انتخاب کے لئے انہوں نے جماعت سے مدد طلب کی، جس نے دو نام پیش کئے اور باپ کی مرضی کے مطابق قرعہ اندازی کی۔ متھیاس منتخب ہوئے، جو رسولوں کی طرح یسوع کے ساتھ یردن میں بپتسمہ سے لے کر اس کی قیامت تک موجود تھے اور اس کی قیامت کے گواہ تھے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



**مقدس ایسید وردی فارمر** | **رنگ سفید**

اعمال18:9۔18 | زبور46

یوحنا20:16۔23

**مرکزی آیت: ''تم روؤ گے، لیکن دنیا خوش ہو جائے گی۔'' یوحنا20:16**

جب برائی عام ہو جاتی ہے تو تشدد اور نا انصافی بڑھتی ہے اُور ہمارے لئے جینا مشکل ہو جاتا ہے۔ ایسا ہی رسولوں نے یسوع کی موت پر کیا۔ جب کہ ان کے دشمن خوش تھے۔ ہم اعتماد کے ساتھ انتظار کرتے ہیں اور محبت کی فتح کے لئے کام کرتے ہیں۔ یسوع زندہ ہو چکا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



پینتکوست کا نوینہ | رنگ سفید

اعمال18:23۔28 زبور46

یوحنا16:23۔28

**مرکزی آیت:''میں دنیا کو چھوڑ کر پھر باپ کے پاس جا رہا ہوں۔''یوحنا16:28**

اے یسوع تو چلا گیا، مگر ہمیں چھوڑ کر نہیں۔ اور تو ہمیں ہمارے دلوں سمیت لے کر باپ کے پاس پہنچے گا۔تو نے جو قربانی دی اس کے لئے شکریہ۔اور شکریہ کہ باپ، جو ہمیں پہلے ہی محبت کرتا ہے، ہمیں وہی روح بھیجے گا جو اس کے اور تیرے دل میں بستی ہے۔اے روح القدس آ!

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

..................................................

| اتوار | سال اول پاشکا کا ساتواں اتوار | 17۔مئی |
|---|---|---|



| رنگ سفید | عیدِ صعود |
|---|---|

زبور 46

اعمال 1:1۔11

متی 28:16۔20

افسیوں 1:17۔23

**مرکزی آیت: ''جب انہوں نے اسے دیکھا تو وہ اس کے سامنے سجدہ ریز ہو گئے۔'' متی 28:17**

آج کا دن ہمارے لئے، یسوع پر ایمان لانے والوں کے لئے، خوشی کا دن ہے۔ ہم اُس کے آسمان پر باپ کے پاس جانے پر دھیان وگیان کر رہے ہیں۔ وہ اپنے مشن کی تکمیل اَور اپنی قیامت کے چالیس دنوں کے بعد تک شاگردوں کے سامنے ظاہر ہوتا رہا۔ ہم اس کے سامنے سجدہ کرتے ہیں اور اس کی عبادت کرتے ہیں جو باپ کے دہنے ہاتھ پر ہے اور اسی وجہ سے وہ ہمارے قریب تر ہے۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................



## مقدس یوحنا اول شہید پوپ

رنگ سفید

اعمال 19:1۔8

زبور 67

یوحنا 16:29۔33

**مرکزی آیت: ''میں اکیلا نہیں ہوں، کیونکہ باپ میرے ساتھ ہے۔'' یوحنا 32:16**

اسی یقین کے ساتھ یسوع نے دکھوں کا سامنا کیا، وہ موت پر غالب آیا اور اس پر فتح پائی۔اے یسوع! اسی بھروسہ کے ساتھ میں چاہتا ہوں کہ اپنی آج کی مشکلات کا تجربہ کروں۔ میں تجھ میں حوصلہ اور سکون پاؤں گا، کیونکہ تو نے دنیا کو فتح کیا ہے۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................



## پینٹکوست کا نوینہ

رنگ سفید

اعمال 20:17۔27

زبور 67

یوحنا 17:1۔11

**مرکزی آیت: ''میں ان کے لئے دعا کرتا ہوں۔'' یوحنا 17:9**

یسوع کو اپنے شاگردوں کی بہت فکر ہے، اور وہ ان کے لئے باپ سے دعا کرتا ہے تا کہ وہ اس سے اور آپس کی محبت میں متحدر ہیں اور بدی سے محفوظ رہیں۔ وہ ان کے لئے جان نچھاور کرتا ہے۔ شکریہ اے یسوع! کہ تو ہمیں بھی اپنے بھائیوں کے لئے دعا میں شامل ہونے کی توفیق دیتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



| پینتکوست کا نوینہ | رنگ سفید |
| --- | --- |

اعمال 20:28۔38 زبور 67

یوحنا 17:11۔19

**مرکزی آیت: ''اے پاک باپ! تو ان کو اپنے نام میں محفوظ رکھ۔'' یوحنا 17:11**

یسوع نے اپنے آخری کھانے کے دوران اپنے شاگردوں کے لئے اس طرح دعا کی۔اے یسوع! ہم تیرا شکر کرتے ہیں۔اس نے میرے لئے بھی دعا کی، جو اس پر ایمان رکھتا ہوں تا کہ میں ہمیشہ اس کے ساتھ متحد رہوں اور اسی کی محبت بھری زندگی جیوں، ہر ایک سے محبت کرنے کو تیار رہوں۔میں بھی اس کی دعا میں تمہارے لئے شامل ہوں۔

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................


.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................

.....................................................................



مقدس کرسٹوفر میگلیز　　پینتکوست کا نوینہ

رنگ سرخ یا سفید

اعمال22:30،23:6۔11

زبور15

یوحنا17:20۔26

**مرکزی آیت: ’’وہ بھی ہم میں ہوں۔‘‘ یوحنا17:21**

اے یسوع تیری دعا بہت قیمتی ہے۔قیمتی اس لئے کہ اس کے ذریعے ہم تیرے دل کی ان خواہشات کو گہرے طور پر جانتے ہیں، جنہیں ہم اپنا سکتے ہیں۔اور قیمتی اس لئے بھی کہ تیرا اور ہمارا باپ یقیناً یہ دعا سنے گا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



مقدسہ ریٹا کاسیا پینتکوست کا نوینہ | رنگ سفید

اعمال25:13۔21 زبور102

یوحنا21:15۔19

**مرکزی آیت: ''میری بھیڑوں کی نگہبانی کر۔''یوحنا21:17**

مُردوں میں سے جی اٹھا یسوع، پطرس سے یہ بات پوچھنے کے بعد کہ ''کیا وہ اس سے محبت کرتا ہے''، یہ الفاظ کہتا ہے۔ یسوع تجھ سے اور مجھ سے بھی یہی بات کہتا ہے۔ جب ہم اس سے اپنی محبت کا اظہار کرتے ہیں۔ تو وہ ہم پر اعتماد کرتا ہے اور ہمیں کوئی ایسی خدمت سونپتا ہے جو کلیسیائی برادری یا معاشرے کے لئے فائدہ مند ہوتی ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

اعمال16:28۔20،30۔31 زبور10

رنگ سفید

یوحنا21:20۔25

## مرکزی آیت:''تو میرے پیچھے ہولے۔''یوحنا21:22

یہ وہ الفاظ ہیں جو یسوع نے جی اٹھنے کے بعد پطرس سے کہے۔جب اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا اور پوچھا کہ دوسرے شاگردوں کا کیا ہوگا۔جیسے یسوع کہنا چاہتے ہوں:''تو میرے پیچھے ہولے''۔اگر تو دوسرے شاگردوں سے محبت رکھتا ہے تو پختہ ارادے اور بغیر کسی اور سوچوں کے میرے پیچھے ہولے۔یوں تو ان کی مدد کرے گا کہ وہ بھی میرے پیچھے ہولیں۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| 24۔مئی | سالِ اوّل پاشکا کا آٹھواں اتوار | اتوار |
|---|---|---|



| عیدِ پینتکوست | رنگ سرخ |
|---|---|

اعمال 2:1۔11 — زبور 103

1۔قرنتیوں 12:3۔7، 12۔13 — یوحنا 20:19۔23

**مرکزی آیت: ''روح القدس کو حاصل کرو۔'' یوحنا 20:22**

آپ کے منہ سے الٰہی سانس نکلتی ہے، جو رسولوں کے دلوں کو بدل دیتی ہے۔ آج سے وہ دنیا بھر میں خوشی اور نئی زندگی کا امن پھیلائیں گے۔ وہ زندگی جو تو باپ کے ساتھ جیتا ہے۔ یہ وہ زندگی ہے جو موت سے نہیں ڈرتی، اسی لئے وہ آزاد، فراخ دل اور پاک محبت میں جینے کے لئے تیار ہوتی ہے۔

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................

....................................................................



## مقدس بید، مقدس گریگوری ہفتم، مقدسہ مجدلینی دی پاسی (کنواری)

## مقدسہ مریم مادرِ کلیسیاء

## رنگ سفید



اعمال 1:12۔14 یا تکوین 3:9۔15، 20 زبور 86

یوحنا 19:25۔27

**مرکزی آیت: ''دیکھ یہ تیری ماں ہے۔'' یوحنا 19:27**

صلیب پر کیلوں سے جُڑا ہوا یسوع اپنی ماں کو دیکھتا ہے اور اسے اس شاگرد کے سپرد کرتا ہے جو اس کے پاس کھڑا ہے۔ وہ شاگرد پوری کلیسیا کی نمائندگی کرتا ہے جو اسی لمحے سے ماں مریم کے سپرد کر دی گئی۔

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

..........................................................................

| منگل | سال دوئم عام ایام | 26۔مئی |
|---|---|---|



## مقدس فلپ ہنری

رنگ سفید/سبز

1۔پطرس 1:10۔16

زبور 97

مرقس 10:28۔31

**مرکزی آیت:''سو گنا زیادہ۔۔۔ساتھ ہی ایذا رسانی بھی۔'' مرقس 10:30**

میں اپنی دل پسند چیزیں چھوڑ کر یسوع کے پیچھے چھوٹے چھوٹے قدم اٹھانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ مجھے ہمیشہ اپنی توقع سے کہیں زیادہ ملتا ہے۔ گو کہ چھوٹی چھوٹی تکلیفیں میرے ساتھ رہتی ہیں۔ مگر یہ تکلیفیں بھی قیمتی ہیں کیونکہ یہ اس بات کی نشان دہی کرتی ہیں کہ میں واقعی اس یسوع کے پیچھے چل رہا ہوں، جو ہمیشہ صلیب اٹھاتا ہے۔

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................

..................................................................




## کینٹر بری کا مقدس آگسٹین (اسقف)

رنگ سفید/سبز

1۔پطرس 1:18۔25

زبور 147

مرقس 10:32۔45

**مرکزی آیت:"خداوند کا کلام ہمیشہ تک قائم رہتا ہے۔"1۔پطرس 1:25**

یہاں زمین پر سب کچھ عارضی ہے۔وہ چیزیں بھی جو ہمیں خوشی دیتی ہیں اور وہ بھی جو ہمیں دکھ دیتی ہیں۔ ہر دن، چاہے اچھا ہو یا برا، گزر جاتا ہے۔ ہر خوشی اور ہر غم ختم ہو جاتے ہیں۔ ہر عمر ماند پڑتی ہے اور جلد یا بدیر ہمارا کوئی پیارا آسمان کی طرف چلا جاتا ہے۔لیکن جو کوئی یسوع اور باپ کے زندہ کلام کے ساتھ جیتا ہے، وہ اس کی ابدیت میں داخل ہو جاتا ہے۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

1۔پطرس2:2۔5،9۔12 زبور99

**رنگ سفید**

مرقس10:46۔52

**مرکزی آیت: ''فوراً اس کی بینائی لوٹ آئی اور وہ یسوع کے پیچھے ہولیا۔'' مرقس10:52**

اے یسوع تو نے میرے لئے اس سے بھی بڑا معجزہ کیا ہے۔ میں نے تجھے جسمانی آنکھوں سے نہیں دیکھا۔ پھر بھی تو نے مجھے یہ توفیق دی کہ میں تجھے اپنی باطنی آنکھوں سے دیکھ سکوں۔ میں تیری محبت کا شکرگزار ہوں کہ میں نے تیرے ساتھ چلنا اور جینا شروع کر دیا ہے۔ تیرا شکر ہو اے یسوع!

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................



## پوپ پال ششم

رنگ سفید / سبز

1۔پطرس 4:7۔13

زبور 95

مرقس 11:11۔26

**مرکزی آیت: ''جب تم دعا شروع کرو۔۔۔معاف کرو۔'' مرقس 11:25**

یسوع ہمیں بتاتے ہیں کہ جو کچھ بھی تم دعا میں مانگو، ایمان رکھو کہ تم نے وہ حاصل کر لیا ہے۔اور وہ واقع ہو جائے گا۔ پھر وہ ہمیں تاکید کرتے ہیں کہ دعا شروع کرنے سے پہلے ہمیں ان لوگوں کو معاف کرنا چاہیۓ جنہوں نے ہمیں تکلیف پہنچائی ہے۔ ورنہ ہم کیسے کاملیت کو پہنچیں گے؟ اے یسوع تیرا شکریہ، ان پاک شہیدوں کا جو بہت ساری غلط فہمیوں اور مصیبتوں کو برداشت کرتے ہوئے بھی معاف کرتے رہے۔تو نے اپنے لئے ان کی محبت کو پھلدار بنایا۔

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

..........................................................

قضات 1:17، 20۔25 زبور 62

رنگ سبز

متی 11:27۔33

**مرکزی آیت: ''جو لوگ فیصلہ نہیں کر سکتے ان کے ساتھ رحم دلی کا سلوک کرو۔'' قضات 1:22**

رحم دلی کا مطلب یہ نہیں ہے کہ سب کچھ چھوڑ دو اور کہو کہ سب کچھ ٹھیک ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ اس شخص کے لئے فراخ دل رہیں، جو منتشر خیال، بے سمت اور بھٹکا ہوا ہے اور اپنے بارے میں فیصلہ کرنے سے قاصر ہے۔ اس فراخ دلی میں بہت سا صبر و تحمل اور مستقل مزاجی سے دعا کرنا شامل ہوتا ہے۔

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................

..............................................................



## پاک تثلیث کی عید

## مقدسہ مریم کی ملاقات الیصبات کے ساتھ

## رنگ سفید



خروج 34:4۔6،8-9 زبور: دانیال 3:52۔56

2۔قرنتیوں 13:11۔13 یوحنا 3:16۔18

**مرکزی آیت: ''جو اس پر ایمان لائے گا، وہ ہمیشہ کی زندگی پائے گا۔'' یوحنا 3:16**

آج ہم اُس بھید کو یاد کرتے ہیں جو یسوع نے ہم پر عیاں کیا۔ الفاظ اس کے بارے میں بات کرنے کے لئے کافی نہیں ہیں۔ لیکن جو الفاظ ہم استعمال کر سکتے ہیں وہ بہت خوبصورت اور سادہ ہیں۔ یعنی خدا باپ ہے، محبت جو اس کا تحفہ ہے۔ وہ بیٹا ہے، یہ وہ محبت ہے جو خندہ پیشانی سے جواب دیتی ہے۔ وہ روح القدس ہے۔ یہ ایسی محبت ہے جو زندگی اور شراکت کو پیدا کرتی ہے۔ اور یہ زندگی ہمیں یسوع کے ذریعے ہی پیش کی جاتی ہے۔ جو اس پر ایمان لائے گا، حقیقت میں وہ ہمیشہ کی زندگی پائے گا، یعنی الٰہی زندگی!

..........................................................................................

..........................................................................................

..........................................................................................